سوال

(827) جو عورت خاوند کی اطاعت کے بجائے خودکشی کو ترجیح دے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت شوہر کے ساتھ رہنے پر راضی نہیں، اور نہ ہی کسی طرح اس کی فرمان برداری اور اطاعت قبول کرتی ہے اور شوہر کے ساتھ جانے کے بجائے خودکشی کر لینے یا اپنے آپ کو آگ لگا لینے کو ترجیح دیتی ہے، جبکہ شوہر مصر ہے کہ اسے اپنے ساتھ لے کر جائے گا اور بیوی انکاری ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

تمام صورت حال ملاحظہ کرنے کے بعد خلاصہ یہ ہے کہ بیوی کو بلایا جائے اور فہمائش کی جائے۔ اسے اللہ سے ڈرنے اور اس کا تقویٰ اختیار کرنے کی نصیحت کی جائے اور بار بار سمجھایا جائے کہ جو بندہ اللہ کا تقویٰ اختیار کر لیتا ہے، اللہ اس کے لیے مشکلات سے نکلنے کی ایسی ایسی راہیں نکال دیتا ہے جن کا بندے کو گمان تک نہیں ہوتا۔ اسے سمجھایا جائے کہ اللہ کے غضب کا نشانہ بننے کے مقابلے میں یہ زندگی انتہائی حقیت ہے۔ اگر اس طرح سے کوئی فائدہ ہو تو بہت بہتر۔

اور اگر عورت فہمائش قبول نہ کرے تو شوہر کو بلایا جائے اور اسے بتایا جائے کہ اس طرح کے حالات مین جب بیوی ساتھ نہ رہنا چاہتی ہو تو اسے چھوڑ دینا ہی زیادہ بہتر ہے، اور عین ممکن ہے کہ تمہارے اصرار کا انجام تمہارے حق میں اچھا نہ ہو۔ اسے بتایا جائے کہ بیوی ہمیشہ اطمینان و سکون اور راحت کے لیے لی جاتی ہے (نہ کہ بے سکونی کے لیے)۔ مرد کو یہ نکات بار بار سمجھائی جائے، شاید اسے کوئی فائدہ ہو اور اس مشکل کا حل نکل آئے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 584

محدث فتویٰ